32662 ـ حج كب فرض ہوا ؟

سوال

كونسے هجری سال ميں حج فرض ہوا ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

علماء كرام ميں اختلاف ہے كہ حج كونسے هجری سال ميں فرض ہوا ، ايک قول تويہ ہے كہ : پانچ هجری ميں فرض ہوا ، اوريہ بھی كہا گيا ہے كہ چھ هجری ميں اوريہ بھی كہا گيا ہے كہ نو هجری ميں فرض ہوا اورايک قول يہ بھی ہے كہ دس هجری ميں حج فرض ہوا ، ان اقوال ميں سےآخر دوقول صحيح ہونے كے زيادہ قريب ہيں كہ حج نو يا دس هجری ميں فرض ہوا ـ

اس كی دليل اللہ تعالی كافرمان ہے :

اوراللہ تعالی كے ليے لوگوں پربيت اللہ كا حج كرنا فرض ہے جوبھی اس كی راہ كی طرف استطاعت ركھتا ہو ـ

لهذا اس آيت ميں حج كے فرض ہونے كی دليل ہے اوريہ آيت نوهجری كے آخر ميں جسے عام الوفود بھی كہا جاتا ہے ميں نازل ہوئی تواس طرح نوهجری كے آخر ميں حج فرض ہوا ـ ديكھيں : زادالمعاد (3 / 595) ـ

واللہ تعالی اعلم ـ

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفيق بخشنے والا ہے .